نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت کا تحفظ اراضی منصوبہ شروع کرنے کا فیصلہ، منصوبہ پر 180.502 ملین روپے کل لاگت آئے گی

منصوبے میں اٹک، راولپنڈی، جہلم، چکوال، خوشاب، میانوالی، نارووال، گجرات، ڈیرہ غازیخان اور راجن پور کے اضلاع شامل

لاہور 18 جنوری 2017 ( ) وزیر اعلیٰ پنجاب محمد شہباز شریف کی ہدایت پر محکمہ زراعت پنجاب نے کسانوں کی اراضی کو محفوظ بنانے، کٹاؤ سے بچانے، بارشوں کا پانی ذخیرہ کرنے کے لیے پنجاب کے 10 اضلاع میں انقلابی منصوبہ شروع کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے جس کے تحت 30 چھوٹے ڈیم، 62 تالاب، 15 پانی کے ذخائر، 205 پانی ابلاغ قائم کیے جائیں گے۔اس منصوبہ پر 180.502 ملین روپے کل لاگت آئے گی۔وزیر اعلیٰ کسان پیکیج 17-2016ء کے تحت بارانی علاقوں کے 10 اضلاع میں منصوبہ شروع کیا جائے گا۔اس منصوبہ کے تحت مختلف آبی اوزمینی ڈھانچے تعمیر کیے جائیں گے۔ان بارانی علاقوں میں اٹک، راولپنڈی، جہلم، چکوال، خوشاب، میانوالی، نارووال، گجرات، ڈیرہ غازیخان اور راجن پور کے اضلاع شامل ہیں۔اس منصوبہ سے نہ صرف زمینوں کے کٹاؤ سے نجات ملے گی بلکہ بارشوں کے پانی سے استفادہ بھی کیا جاسکے گا۔اس منصوبے سے کسان کو ضرورت کے مطابق پانی استعمال کرنے میں مدد ملے گی۔

☆☆☆☆